# وزیر اعظم کی امریکہ میں سرکردہ پیشہ ور افراد کے ساتھ بات چیت

24جون 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 23 جون 2023 کو واشنگٹن ڈی سی میں جان ایف کینیڈی سنٹر میں امریکہ میں پیشہ ور افراد کے ایک اجتماع سے خطاب کیا۔

2۔ اس تقریب کا اہتمام یوایس–انڈیا اسٹریٹجک پارٹنرشپ فورم

(USISPF) نے کیا تھا۔ امریکہ کے وزیر خارجہ عزت مآب مسٹر اینٹونی بلنکن بھی اس موقع پر موجود تھے۔

3۔ اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے ہندوستان میں اس وقت ہونے والی گہری تبدیلی اور مختلف شعبوں میں ہونے والی پیش رفت پر روشنی ڈالی۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ "یہ ہے وہ لمحہ"، وزیر اعظم نے پیشہ ور افراد کو ہندوستان کے ساتھ شراکت داری قائم کرنے کی دعوت دی۔

4۔ تقریب میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً 1000 سرکردہ پیشہ ور افراد نے شرکت کی۔

**واشنگٹن ڈی سی.**
**جون 2023 23**